شیخ چلپی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ علامہ متقی نے حدیث کی بڑی کتب سے اصولِ سُنّت کے بارے میں جتنی احادیث کو جمع فرمایا اس سے زیادہ کسی نے نہیں کیا

احمد عبد الجواد رحمہ اللہ کہتے ہیں جس نے اس کتاب کا مطالعہ کیا گویا کہ اس نے حدیث کی ستر سے زائد کتابوں کا مطالعہ کیا

اُردو ترجمہ

کنز العُمّالؒ

فی سنن الأقوال والأفعال

مُستند کُتب سے رواۃ حدیث سے متعلق کلام حوالہ کے ساتھ شاملِ کتاب ہے

تالیف

علامہ علاء الدینؒ علی متقیؒ بن حسام الدینؒ ہندی برہان پوری
متوفی ۹۷۵ھ

مقدمہ، عنوانات، نظرِ ثانی، تصحیحات

مولانا مفتی احسان اللہ شائق صاحب مدظلہم
استاذ و معین مفتی جامعۃ الرشید احسن آباد کراچی

دارُ الاشاعت
اُردو بازار ○ ایم اے جناح روڈ ○ کراچی پاکستان فون: 32631861

شیخ چلپی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ علامہ متقی نے حدیث کی بڑی کتب سے اصول سنت کے بارے میں جتنی احادیث کو جمع فرمایا اس سے زیادہ کسی نے نہیں کیا

احمد عبدالجواد رحمۃ اللہ کہتے ہیں جس نے اس کتاب کا مطالعہ کیا گویا کہ اس نے حدیث کی ستر سے زائد کتابوں کا مطالعہ کیا

اردو ترجمہ

کنز العمال

فی سنن الأقوال والأفعال

مستند کتب میں رواۃ حدیث سے متعلق کلام تلاش کرکے حوالہ کے ساتھ شامل کتاب ہے

جلد ۷

حصہ سیزدہم، چہاردہم

تالیف

علامہ علاء الدین علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری
متوفی ۹۷۵ھ

مقدمہ، عنوانات، نظرثانی، تصحیحات

مولانا مفتی احسان اللہ شائق صاحب مدظلہم
استاذ ومعین مفتی جامعۃ الرشید احسن آباد کراچی

دار الاشاعت
اردو بازار، ایم اے جناح روڈ
کراچی پاکستان 2213768

باہتمام : خلیل اشرف عثمانی
طباعت : ستمبر ۲۰۰۹ء علمی گرافکس
ضخامت : 589 صفحات

قارئین سے گزارش

اپنی حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ الحمدللہ اس بات کی نگرانی کے لئے ادارہ میں مستقل ایک عالم موجود رہتے ہیں۔ پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو ازراہ کرم مطلع فرما کر ممنون فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں درست ہو سکے۔ جزاک اللہ

……ملنے کے پتے……

ادارۃ المعارف جامعہ دارالعلوم کراچی
مکتبہ معارف القرآن جامعہ دارالعلوم کراچی
بیت القرآن اردو بازار کراچی
مکتبہ اسلامیہ امین پور بازار۔ فیصل آباد
مکتبۃ المعارف محلہ جنگی۔ پشاور

ادارہ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور
بیت العلوم 20 نابھہ روڈ لاہور
مکتبہ رحمانیہ ۱۸۔ اردو بازار لاہور
مکتبہ اسلامیہ گامی اڈا۔ ایبٹ آباد
کتب خانہ رشیدیہ۔ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی

انگلینڈ میں ملنے کے پتے

AZHAR ACADEMY LTD.
54-68 LITTLE ILFORD LANE
MANOR PARK, LONDON E12 5QA

ISLAMIC BOOK CENTRE
119-121, HALLIWELL ROAD
BOLTON , BL1-3NE

امریکہ میں ملنے کے پتے

MADRASAH ISLAMIAH BOOK STORE
6665 BINTLIFF, HOUSTON,
TX-77074, U.S.A.

DARUL-ULOOM AL-MADANIA
182 SOBIESKI STREET,
BUFFALO, NY 14212, U.S.A

۳۸۸۸۹ ... عنقریب سیلاب کے بند سے ایک آگ نکلے گی وہ سست اونٹوں کی چال چلے گی صبح وشام دن کے وقت چلے گی اور رات کو قیام کرے گی، کہا جائے گا آگ چل پڑی لوگو! چلو، آگ کہے گی: لوگو! قیلولہ کرلو، شام کو آگ چلے گی: کہا جائے گا: لوگو! چلو وہ آگ جس تک پہنچ گئی اسے بھسم کردے گی۔

مسند احمد وابو نعیم وتعقب، بیهقی عن رافع بشر السلمی عن ابیه ویقال له: بشیر قال البغوی: ولااعلم له غیره

۳۸۸۹۰ ... اپنے گھر والوں کو نکال کرلے جاؤ عنقریب یہاں سے ایک آگ نکلے گی جو بصری یعنی سیلاب کے بند کے اونٹوں کی گردنیں روشن کردے گی۔ حاکم وتعقب عن ابی البداح ابن عاصم عن ابیه

۳۸۸۹۱ ... بند سیلاب سے اپنے گھر والوں کو نکال لو کیونکہ یہاں سے عنقریب ایک آگ نکلے گی جو بصری کے اونٹوں کی گردنیں روشن کردے گی۔

طبرانی عن عاصم بن عدی الا نصاری

۳۸۸۹۲ ... البتہ یہ اسے (مدینہ کو) اس سے اچھی حالت میں چھوڑ جائیں گے، کاش مجھے معلوم ہوجائے کہ یمن کی جانب جبل وراق سے وہ آگ کب نکلے گی جو بصری میں بیٹھے اونٹوں کی۔ گردنیں دن کی روشنی کی طرح روشن کرے گی؟

مسند احمد، ابویعلی، ابن حبا ن والرویانی، حاکم، ضیاء عن ابی ذر

۳۸۸۹۳ ... اہل مشرق کی جانب ایک آگ بھیجی جائے گی جو انہیں مغرب کی طرف جمع کرے گی، جہاں وہ لوگ رات گزاریں، رات گزارے اور جہاں وہ قیلولہ کریں قیلولہ کرے گی۔ جو لوگ پیچھے گرے پڑے ہوں گی اس کی خوراک ہوں گے، وہ انہیں سست اونٹ کی رفتار ہانکے گی۔

دارقطنی فی الافراد، طبرانی فی الکبیر، حاکم عن ابن عمرو

۳۸۸۹۴ ... جب تک رکوبہ سے ایک آگ نہیں نکلتی جس سے بصری کے اونٹوں کی گردنیں روشن ہوں گی قیامت قائم نہیں ہوگی۔

ابوعوانه عن ابی الطفیل عن حذیفة ابن سید

۳۸۸۹۵ ... ہوسکتا ہے تم اسے، اس سے اچھی حالت میں چھوڑ جاؤ، کاش مجھے پتہ چل جائے کہ جبل وراق سے وہ آگ کب نکلے گی جس سے بصری کے اونٹوں کی گردنیں اس طرح روشن ہوں گی جیسے لوگ دن کے وقت دیکھتے ہیں۔ حاکم عن ابن ذر

''سورج کا مغرب سے طلوع ہونا''

۳۸۸۹۶ ... پہلی نشانیوں میں سے سورج کا مغرب سے طلوع ہونا ہے۔ طبرانی فی الکبیر عن ابی امامة

کلام: ... ذخیرۃ الحفاظ ۲۱۴۳، المشتھر ۴۱۔

۳۸۸۹۷ ... جب تک سورج مغرب سے طلوع نہیں ہولیتا قیامت قائم نہیں ہوگی، جب وہ طلوع ہوگا تو لوگ اسے دیکھ کر سب کے سب ایمان لے آئیں گے یہی وقت ہوگا جس میں کسی ایمان لانے والے کو جب پہلے سے مسلمان نہیں ہوا اور نہ اپنے ایمان میں کوئی بھلائی کی، اسے کچھ فائدہ نہیں ہوگا، قیامت ضرور قائم ہوگی جب کہ دو آدمیوں نے (بھاؤ تاؤ کے لئے) کپڑا پھیلایا ہوگا تو نہ وہ اسے خرید بیچ سکیں گے اور نہ لپیٹ سکیں گے، قیامت قائم ہوکر رہے گی جب کہ آدمی اپنی اونٹنی کا دودھ دھوکر لوٹ رہا ہوگا پھر اسے پی نہیں سکے گا، اور قیامت برپا ہوکر رہے گی جب کہ ایک شخص اپنے حوض کی مرمت کررہا ہوگا تو اسے مزید (بھاگنے کا) موقع نہیں ملے گا، قیامت قائم ہوکر رہے گی جب کہ آدمی نے منہ کی طرف لقمہ اٹھایا ہوگا لیکن اسے کھا نہ سکے گا۔ (بخاری، ابن ماجہ عن ابی ہریرۃ)

۳۸۸۹۸ ... میری امت کے لئے طلوع فجر، سورج کے مغرب سے طلوع ہونے کی نسبت امان ہے۔ فردوس عن ابن عباس

کلام: ... ضعیف الجامع ۶۲۸ ۳، المغیر ۹۰